Urdu - FA Part 1 Urdu Chapter 21 Short Questions Preparation

Q1. قنوطی شخص سے کیا مراد ہے.

Ans 1: مصنف کے خیال میں قنوطی شخص ایسے شخص کو کہتے ہیں جس کا عقیدہ ہو کہ اللہ تعالی نے آنکھیں رونے کے لیے بنائی ہیں.

Q2. شکاری اپنے ارادے میں کیسے ناکام ہوا.

Ans 1: صبح درخت کے اردگرد سانپ لپٹ گیا. جب شکاری نے یہ دیکھا تو مارے ڈر کر بھاگ گیا.

Q3. مشتاق احمد یوسفی کے مطابق خوش عقیدہ لوگوں کا ایمان کیا ہے.

Ans 1: ان کے مطابق اگر مرغ ازان نہ دے تو پو نہیں پھٹتی

Q4. انسان کو روٹی کے علاوہ اور کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے

Ans 1: انسان صرف روٹی پر ہی زندہ نہیں رہ سکتا بلکہ اسے مرغ مسلم کی بھی خواہش ہوتی ہے.

Q5. مصنف نے کتنے عرصہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا.

Ans 1: مصنف نے اٹھارہ ماہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا

Q6. "تم ہمیں ہر امتحان میں ثابت قدم پاؤ گے" یہ الفاظ کس نے کس کوکہا.

Ans 1: سانپ نے جب یہ کہا دوستی کی خاطر جان بھی قربان کرنا پڑتی ہے تو کبوتر اور گدھ نے بیک وقت سانپ سے کا تم ہمیں ہر امتحان میں ثابت قدم پاو گے.

Q7. اگر گھوڑے کی آواز بھی مرغ کے تناسب سے بنائی گئی ہوئی تو جنگوں میں کس چیز کی ضرورت پیش نہ آتی.

Ans 1: بقول مصنف اگر گھوڑے کی آواز بھی مرغ کے تناسب سے بنائی گئی ہوئی ہو تو تاریخی جنگوں میں توپ چلانے کی ضرورت پیش نہ آتی

Q8. مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑکیا ہے.

Ans 1: مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں آور جہاں نظر نہ آئیں وہاں ہونے کا ثبوت دیتی ہیں

Q9. کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے کس کے پاس گیا.

Ans 1: کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے گدھوں کے جوڑے کے پاس گیا.

Q10. لوک داستان کسے کہتے ہیں.

Ans 1: آیسی مقامی زبان کی کہانی جس میں کوئی اخلاقی سبق دیا گیا ہو لوک داستان کہلاتی ہے.
